الباب الرابع: في أحكام يكثر دورها.

چوتھا حکم: اسم شرط کی خبر جب مبتدا واقع ہو رہی ہو تو اس میں تین اقوال ہیں:

پہلا قول: خبر فعل شرط ہو گی، یہی صحیح ہے۔

دوسرا قول: خبر جواب شرط ہو گی۔

تیسرا قول: خبر فعل شرط اور جواب شرط دونوں ہی ہو گی۔

﴿وَمَنْ يَفْعَلْ ذَلِكَ يَلْقَ أَثَامًا﴾ (25:68)

اور جو یہ کام کرے گا سخت گناہ میں مبتلا ہو گا

﴿ مَن كَانَ يُرِيدُ حَرْثَ الْآخِرَةِ نَزِدْ لَهُ فِي حَرْثِهِ﴾ (42:20)

جس کا ارادہ آخرت کی کھیتی کا ہو ہم اسے اس کی کھیتی میں ترقی دیں گے

© copy rights reserved